نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ: لاہور بلوز، لاڑکانہ، کراچی وائٹس اور لاہور وائٹس کی کامیابی

کراچی 28 نومبر، 2023ء:

نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ میں منگل کے روز کھیلے جانے والے میچوں میں لاہور بلوز، لاڑکانہ، کراچی وائٹس اور لاہور وائٹس نے کامیابی حاصل کرلی۔

یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس میں لاہور بلوز نے اسلام آباد کو 5 رنز سے ہرادیا۔

لاہور بلوز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 7 وکٹوں کے نقصان پر 154 رنز بنائے۔ قاسم اکرم نے 6 چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 64 رنز بنائے۔ عمران بٹ نے 52 رنز اسکور کیے۔ عمیر آفریدی نے 30 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔

اسلام آباد کی ٹیم 149 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ سرمد بھٹی نے 45 رنز اسکور کیے۔ عثمان قادر نے 28 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ نثار احمد اور کاشف بھٹی نے دو دو کھلاڑی آؤٹ کیے۔

این بی پی اسپورٹس کمپلیکس میں لاڑکانہ نے کوئٹہ کو 15 رنز سے شکست دیدی۔

لاڑکانہ کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 125 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ امتیاز لغاری نے 24 گیندوں پر 5 چوکوں اور 3 چھکوں کی مدد سے 48 رنز بنائے اور آؤٹ نہیں ہوئے۔ فہیم رشید نے 11 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ بوہیر امان نے دو کھلاڑی آؤٹ کیے۔

جواب میں کوئٹہ کی ٹیم 110 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ جلات خان 25 رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہے۔ زاہد محمود، مشتاق احمد اور فراز عزیز نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

نیشنل بینک اسٹیڈیم میں کراچی وائٹس نے حیدرآباد کو 7 وکٹوں سے شکست دیدی۔

حیدرآباد کی ٹیم سہیل خان کی عمدہ بولنگ کے نتیجے میں 102 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ طیب علی نے 32 اور دانیال حسین نے 30 رنز بنائے۔ سہیل خان نے صرف 10 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔ غلام مدثر نے 6 رنز دے کر 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

کراچی وائٹس نے تین وکٹوں کے نقصان پر مطلوبہ اسکور پورا کرلیا۔ عماد عالم نے جارحانہ بیٹنگ کرتے ہوئے 5 چوکوں اور 4 چھکوں کی مدد سے 53 رنز اسکور کیے۔

نیشنل بینک اسٹیڈیم میں لاہور وائٹس نے کراچی بلوز کو 7 وکٹوں سے شکست دیدی۔

کراچی بلوز کی ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 7 وکٹوں پر 150 رنز بنائے۔ محمد طحہ 41 رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہے۔

عامرِ خان، احمد دانیال اور منیب واصف نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

جواب میں لاہور وائٹس نے تین وکٹوں پر مطلوبہ اسکور پورا کرلیا۔ احمد شہزاد نے آؤٹ ہوئے بغیر 72 رنز اسکور کیے جس میں 5 چوکے اور 4 چھکے شامل تھے۔

-END-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
Broadcast & Live Streaming Partners
Pathway Cricket Programme
PCB Headquarters
pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial